**17.03.2025**
**21.15 Hrs**

## HL-OPENNING

آداب
یہ آکاشوانی ہے
خبروں کے ساتھ میں آسیہ میمونہ
Music

.................................................................

- ☆ بھارت اور نیوزی لینڈ نے دفاع اور تجارت میں کلیدی سمجھوتے کرکے تعلقات کو مستحکم کیا ہے۔ دونوں ممالک دہشت گردی، علیحدگی پسندی، اور کٹر پسند عناصر کے خلاف تعاون کریں گے۔
- ☆ وزیر اعظم نریندر مودی اور نیوزی لینڈ کے اُن کے ہم منصب کرسٹوفر Luxon نئی دلّی میں مشترکہ طور پر رائے سینا مذاکرات کے دسویں ایڈیشن کا افتتاح کیا۔
- ☆ وزیر دفاع راجناتھ سنگھ اور امریکی کی قومی انٹلیجنس کی ڈائریکٹر Tulsi Gabbard نے دفاعی تعاون اور انٹلیجنس شراکت کا جائزہ لیا۔
- ☆ چھتیس گڑھ میں 20 ماؤنوازوں نے خودسپردگی کی ہے۔
- ☆ روس نے یوکرین میں لڑائی ختم کرنے کی غرض سے کل صدر ولادیمیر پتن اور اُن کے امریکی ہم منصب ڈونلڈ ٹرمپ کے درمیان مذاکرات کے منصوبوں کی تصدیق کی ہے۔
- ☆ اور کبڈی ورلڈ کپ میں، بھارت نے جیت کے ساتھ اپنی مہم کا آغاز کیا۔ اس نے برطانیہ کے Wolverhampton میں مردوں کے زمروں میں اٹلی کو شکست دی۔

.................................................................

(Music)
اب خبریں تفصیل سے

### New Zealand PM Visit

بھارت اور نیوزی لینڈ نے دفاع، تعلیم، کھیل کود، باغبانی اور جنگل بانی کے شعبوں میں آج پانچ سمجھوتوں پر دستخط کئے ہیں۔ فریقین نے باہمی طور پر تسلیم کرنے کے باضابطہ اقتصادی معاہدے کا بھی تبادلہ کیا۔ اِن سمجھوتوں کا تبادلہ، آج نئی دلّی میں وزیراعظم نریندر مودی اور نیوزی لینڈ کے اُن کے ہم منصب کرسٹوفر Luxon کے درمیان باہمی بات چیت کے بعد کیا گیا۔ دونوں ملکوں نے ایک آزاد تجارتی معاہدے سے متعلق مذاکرات کے آغاز کا اعلان کیا۔ انھوں نے پیشہ ور افراد اور ماہر ورکروں کی نقل وحرکت کو سہولت فراہم کرنے کے ایک سمجھوتے کا بھی آغاز کیا۔ نیوزی لینڈ نے بھارت — بحراوقیانوس پہل میں شرکت کی ہے اور قدرتی آفات سے متعلق لچکدار ڈھانچے کیلئے اتحاد کا ایک رکن بن گیا ہے۔ جناب مودی نے دورے پر آئے عمائدین کے اعزاز میں ظہرانے کی میزبانی بھی کی۔

میٹنگ کے بعد ایک مشترکہ پریس بیان میں جناب مودی نے کہا کہ انھوں نے باہمی تعلقات کے مختلف پہلوؤں پر تبادلۂ خیال کیا نیز دفاعی اور تحفظاتی شراکت داری کو مستحکم کرنے اور ادارہ جاتی بنانے کا فیصلہ کیا ہے۔

S/B PM Hyderabad 24 Secs

جناب مودی نے کہا کہ دفاعی صنعت میں مشترکہ مشقوں، تربیت اور بندرگاہوں کے دوروں کے ساتھ ساتھ باہمی تعاون کیلئے ایک لائحۂ عمل تیار کیا جائے گا۔ وزیر اعظم نے کہا کہ دونوں ملکوں کے درمیان ایک باہمی مستفید آزاد تجارتی معاہدے سے متعلق مذاکرات شروع کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے، جو باہمی تجارت اور سرمایہ کاری کے امکانات میں اضافہ کرے گا۔

S/B PM-Trade 32 Secs

جناب مودی نے کہا کہ کھیل کود میں کوچنگ اور کھلاڑیوں کے تبادلے کے ساتھ ساتھ دونوں ممالک نے اسپورٹس سائنس، سائیکلوجی اور ادویہ میں تعاون کرنے پر زور دیا ہے۔ انھوں نے کہا کہ اگلے سال دونوں ملکوں کے درمیان کھیل کود کے تعلقات کے 100 سال منانے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ انھوں نے کہا کہ بھارت نے نیوزی لینڈ میں بعض غیرقانونی عناصر کے ذریعے بھارت مخالف سرگرمیوں سے متعلق اپنی تشویش شیئر کی ہے، نیز اِس اعتماد کا اظہار کیا ہے کہ بھارت اِن تمام غیرقانونی عناصر کے خلاف نیوزی لینڈ حکومت کی حمایت حاصل کرتا رہے گا۔وزیر اعظم نے زور دیا کہ جو دہشت گردانہ حملوں کے قصوروار ہیں، اُن کے خلاف سخت کارروائی کرنا ضروری ہے۔

جناب مودی نے زور دیا کہ بھارت اور نیوزی لینڈ دہشت گردوں، علیحدگی پسندوں اور کٹرپسند عناصر کے خلاف تعاون جاری رکھیں گے۔ انھوں نے کہا کہ دونوں فریق ایک آزاد، کھلا، محفوظ اور خوشحال بھارت–بحرالکاہل کی حمایت کرتے ہیں نیز توسیع کرنے کے بجائے ترقی کی پالیسی میں یقین رکھتے ہیں۔اپنے بیان میں وزیر اعظم Luxon نے کہا کہ دونوں ملک باہمی طور پر مستفید آزاد تجارتی معاہدہ حاصل کرنے کے تئیں پُرامید ہیں۔ انھوں نے کہا کہ نیوزی لینڈ، بھارت میں اپنے سفارتی عملے کی تعداد میں اضافہ کرے گا۔

S/B NZ PM Luxon Maritime Security 17 SECS.

بعد میں میڈیا کو تفصیلات بتاتے ہوئے وزارتِ خارجہ میں سکریٹری (مشرق) جے دیپ مجمدار نے کہا کہ پچھلے سال میں بھارت اور نیوزی لینڈ کے درمیان بہت سے اعلیٰ سطحی سمجھوتے ہوئے ہیں۔

خالصتانی عناصر کے بارے میں تبادلہ خیال سے متعلق ایک سوال کے جواب میں سکریٹری نے کہا کہ دونوں لیڈروں کے درمیان بات چیت کے دوران یہ معاملہ آیا ہے۔ انھوں نے کہا کہ بھارت اُن کے ممالک میں، بھارت مخالف عناصر کی سرگرمیوں سے متعلق نیز دہشت گردی کو پھیلانے کیلئے اظہارِ رائے کی آزادی اور دیگر جمہوری آزادی کے غلط استعمال کے بارے میں اِن ممالک کو باخبر کرتا ہے۔ جناب مجمدار نے کہا کہ نیوزی لینڈ کی سرکار کا ردعمل مثبت رہا ہے اور اُس نے ماضی میں بھی ایسی تشویش کا نوٹس لیا ہے۔

نیوزی لینڈ کے وزیر اعظم آج شام راشٹرپتی بھون میں صدر جمہوریہ دروپدی مرمو سے ملاقات کی۔

اس سے قبل دن میں جناب Luxon نے راجگھاٹ پر مہاتما گاندھی کی سمادھی پر خراجِ عقیدت پیش کیا۔

نیوزی لینڈ کے وزیر اعظم بھارت کے پانچ روزہ دورے پر گذشتہ روز نئی دلّی پہنچے ہیں۔ اُن کے ساتھ ایک

اعلیٰ سطحی وفد بھی ہے، جس میں وزراء، سینئر عہدیداران، کاروباری افراد، میڈیا اور نیوزی لینڈ میں مقیم بھارتی کمیونٹی کے اراکین شامل ہیں۔ جناب Luxon کے دورے کا مقصد دونوں ملکوں کے درمیان باہمی تعلقات کو مستحکم کرنے کے ساتھ ساتھ تمام شعبوں میں تعلقات کو مزید گہرا کرنے کے تئیں اپنے عزم کا اعادہ کرنا اور عوام سے عوام کے رابطوں کو فروغ دینا ہے۔ نیوزی لینڈ کے وزیر اعظم بدھ کے روز ممبئی کا دورہ کریں گے۔x

## PM Raisina Dialogue

وزیر اعظم نریندر مودی اور نیوزی لینڈ کے اُن کے ہم منصب کرسٹوفر Luxon نے آج شام نئی دلّی میں مشترکہ طور پر رائے سینا مذاکرات 2025 کا افتتاح کیا۔

اپنے کلیدی خطاب میں جناب Luxon نے کہا کہ بھارت اور نیوزی لینڈ دنیا کے اقتصادی طور پر انتہائی مستحکم خطے کا حصہ بننے والے دو خوش نصیب ممالک ہیں۔

S/B 2100 PM New Zealand INDO Pacific

نیوزی لینڈ کے وزیر اعظم نے کہا کہ رائے سینا مذاکرات ایک ایسا فورم ہے جو دنیا بھر کے لیڈروں کے اظہارِ خیال کیلئے سالانہ موقع فراہم کرتا ہے کہ وہ اُن ہم عصری جامع چیلنجوں پر توجہ مرکوز کرسکیں، جن کی جستجو بحیرۂ ہند میں کی جارہی ہے۔اِس سال کا رائے سینا مذاکرات کا موضوع ہے ’’کال چکر— عوام، امن اور کرۂ ارض‘‘۔ اس تقریب میں تقریباً 125 ممالک کے نمائندگان شرکت کر رہے ہیں۔x

## Rajnath US Tulsi Gabbard

وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ نے آج امریکہ کے قومی انٹیلیجنس کی ڈائریکٹر Tulsi Gabbard کے ساتھ نئی دلّی میں ایک میٹنگ کی۔ میٹنگ کے دوران دونوں رہنماؤں نے اِس بات پر زور دیا کہ کلیدی سیکیورٹی، دونوں ملکوں کے درمیان جامع عالمی کلیدی شراکت داری کا ایک اہم ستون ہے۔ جناب سنگھ اور محترمہ Gabbard نے دونوں ملکوں کے درمیان فوجی مشقوں، کلیدی شراکت داری اور اطلاعات کے تبادلے میں تعاون کے شعبوں سمیت خاص طور پر بحری شعبے میں ہوئی اہم پیش رفتوں کا جائزہ لیا۔ x

## RS Railways

ریلوے کے وزیر اشونی ویشنو نے آج کہا ہے کہ سرکار نے ریل کے بنیادی ڈھانچے کو بہتر کرنے اور مسافروں کو آرام دہ اور سستا سفر فراہم کرنے کیلئے کئی اقدامات کیے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ریلوے نے پچھلے 10 برسوں میں پانچ لاکھ نوکریاں پیدا کی ہے اور ملک میں ریل حادثوں میں کمی پر لگاتار توجہ مرکوز کی جا رہی ہے۔ وزیر موصوف، ریلوے کی وزارت کے کام کاج پر راجیہ سبھا میں بحث کا جواب دے رہے تھے۔ جناب ویشنو نے زور دیا کہ 2020 سے مسافر کرایوں میں اضافہ نہیں کیا گیا ہے اور یہ پڑوسی ملکوں کے مقابلے زیادہ سستا ہے۔

2100- Ashwini Vaishnaw- Fare

BJP کے سنجے سیٹھ، TMC(M) کے GK واسن، CPI-M کے اے اے رحیم، NCP-SCP کی فوزیہ خان، BSP کے رام جی اور RLM کے اُوپیندر کشواہا سمیت کئی دوسرے ممبروں نے بحث میں شرکت کی۔ x

**RS Online Assurance**

پارلیمانی امور کے وزیر کرن رجیجو نے کہا ہے کہ پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں کے فلور پر وزراء کی طرف سے دی گئی تمام یقین دہانیوں کو سرکار، سنجیدگی سے لیتی ہے۔ راجیہ سبھا میں ضمنی سوالوں کا جواب دیتے ہوئے جناب رجیجو نے کہا کہ آن لائن Assurances مانیٹرنگ سسٹم نے اِس بات کو یقینی بنانے میں مدد کی ہے کہ تمام یقین دہانیوں کی تکمیل کی جائیں۔ انہوں نے بتایا کہ انہوں نے حال ہی میں تمام وزراء کو خطوط لکھے ہیں کہ یقین دہانیوں کو مقررہ وقت میں پوری کیے جانے کو یقینی بنائیں۔پارلیمانی امور کے وزیر مملکت ڈاکٹر ایل مروگن نے ایوان کو بتایا کہ لوک سبھا اور راجیہ سبھا میں 99فیصد یقین دہانیوں کی تکمیل ہوئی ہے۔

انہوں نے کہا کہ آن لائن Assurances مانیٹرنگ سسٹم، ایک ڈیجیٹل پلیٹ فارم ہے، جس کا مقصد اِس بات کو یقینی بنانا ہے کہ پارلیمنٹ میں وزراء کی طرف سے دی گئی یقین دہانیوں کی باضابطہ طور پر مانیٹرنگ کرکے اسے پورا کیا جائے۔ ڈاکٹر مروگن نے کہا کہ یہ نظام، اہم خصوصیات اور میکانزم کو مربوط کرکے ذمے داری، شفافیت اور کارکردگی کو بہتر بناتا ہے۔ x

**Jagdambika Pal Waqf**

وقف ترمیمی بل پر پارلیمنٹ کی مشترکہ کمیٹی کے چیئرمین جگدمبیکا پال نے کہا ہے کہ بل، غریب مسلمانوں کے حق میں ہے۔ وقف ترمیمی بل پر آل انڈیا مسلم پرسنل لاء بورڈ کے مظاہرے پر جناب پال نے نئی دلّی میں اخبار نویسوں کو بتایا کہ یہ سرکار کے خلاف اقلیتی برادریوں کے درمیان ایک فرضی بیانیہ تیار کرنے کی ایک سازش ہے۔ انہوں نے کہا کہ سرکار نے بل کو ایک مشترکہ پارلیمانی کمیٹی کے حوالے کیا تھا تاکہ مسلم تنظیموں اور دوسرے لوگوں سے صلاح و مشورہ کرکے ایک صاف شفاف اور متوازن قانون تیار کیا جاسکے۔

S/B: Jagdambika Pal-JPC- 28 Secs

**Chhattisgarh Maoists**

20ماؤنوازوں نے آج چھتیس گڑھ میں خودسپردگی کی۔ بیجاپور ضلع میں 19ماؤنوازوں نے سکیورٹی فورسز کے سامنے خودسپردگی کی۔ پولیس کے ضلع سپرنٹنڈنٹ جتیندر کمار یادو نے بتایاکہ اِن ماؤنوازوں پر مجموعی طور سے 29لاکھ روپئے کا انعام رکھا ہوا تھا۔ انھوں نے کہا کہ ہر ماؤنواز کو، ریاستی سرکار کی بازآبادکاری کی پالیسی کے تحت، پچیس ہزار روپئے کی ترغیبی رقم فراہم کی گئی ہے۔

S/B SP

ایک اور واقعے میں ایک ماؤنواز نے، جس پر ایک لاکھ روپئے کا انعام تھا، کونڈا گاؤں ضلع میں پولیس کے

سامنے خودسپردگی کردی۔ اسی دوران، سکیورٹی فورسز نے دانتے واڑہ کے Maievahi علاقے میں تلاشی کی ایک کارروائی کے دوران پانچ کلو گرام IED برآمد کیا اور اُسے ناکارہ بنا دیا۔x

### J&K Encounter

جموں وکشمیر کے کپواڑہ ضلع میں آج سکیورٹی فورسز اور دہشت گردوں کے درمیان ایک تصادم ہوا۔ یہ تصادم آج صبح سویرے اُس وقت شروع ہوا، جب سکیورٹی اہلکاروں نے ضلع کے Zachaldara Rajwar علاقے کے Krumhoora میں دہشت گردوں کی موجودگی کے بارے میں خصوصی اطلاع ملنے پر تلاش اور محاصرے کی کارروائی شروع کی۔ فوج کے ایک ترجمان کے مطابق دہشت گردوں نے جیسے ہی فورسز پر فائرنگ شروع کی تو جوابی کارروائی میں ایک دہشت گرد مارا گیا۔ جائے حادثہ سے ایک AK-47 رائفل برآمد ہوا ہے۔ کارروائی اب بھی جاری ہے۔ x

### Trump Putin Talks

امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ وہ کل روس کے صدر ولادیمیر پتن سے بات کریں گے۔ گذشتہ شام فلوریڈا سے واشنگٹن جانے والی اپنی پرواز میں اخبار نویسوں سے بات کرتے ہوئے ٹرمپ نے واضح کیا کہ تبادلہ خیال میں، جنگ کو ختم کرنے کیلئے وسیع تر کوششوں کے حصے کے طور پر آراضی اور پاور پلانٹوں سے تعلق رکھنے والے معاملات بھی شامل ہوں گے۔ جنوری میں ٹرمپ کی دوسری مدت شروع ہونے کے بعد سے، دونوں لیڈروں کے درمیان ایسی دوسری ملاقات ہے، جس کا انکشاف پہلے کیا گیا ہے۔ فروری میں اپنی سابقہ بات چیت میں، ٹرمپ اور پتن نے یوکرین میں جنگ کو ختم کرنے کے مقصد سے اعلیٰ سطحی بات چیت شروع کرنے سے اتفاق کیا تھا۔x

### Trump-PM Podcast

امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے آج امریکہ میں قائم Podcaster اور AI ریسرچر Lex Fridman کے ساتھ اُن کے Truth سوشل پلیٹ فارم پر وزیراعظم نریندر مودی کے Podcast انٹرویو کو شیئر کیا ہے۔ انٹرویو کے دوران جناب مودی نے صدر ٹرمپ کے ساتھ اپنے تعلقات کا خصوصی طور پر ذکر کیا ہے اور امریکہ کیلئے اُن کے عزم کی ستائش کی ہے۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا ہے کہ صدر ٹرمپ اپنی پہلی مدت کار کے مقابلے صدارت کیلئے اب کہیں زیادہ تیار ہیں۔x

### Rev Kabaddi World Cup

انگلینڈ میں آج شام سے کبڈی عالمی کپ 2025 کا آغاز ہوگیا ہے۔ بھارتی مردوں کی ٹیم نے اٹلی کو 64-22 سے شکست دی ہے۔ اِس سے پہلے افتتاحی میچ میں انگلینڈ کی مردوں کی ٹیم نے ہنگری کو 101-25 سے ہرایا۔ مردوں کی 10 ٹیمیں، دو گروپوں، A اور B، میں منقسم ہیں۔ بھارت گروپ B میں اٹلی، اسکاوٹ لینڈ، Wales

اور چین کے ساتھ کھیلے گا۔دوسری طرف خواتین کی چھ ٹیموں کو دو گروپوں، D اور E میں تقسیم کیا گیا ہے۔

بھارت، گروپ۔D میں Wales اور پولینڈ کے ساتھ مقابلہ کرے گا۔ بھارتی خواتین ٹیم کا مقابلہ، بھارتی وقت کے مطابق کل شام ساڑھے 5 بجے Wolverhampton میں Wales سے ہوگا۔

یہ ٹورنامنٹ پہلی بار ایشیا کے باہر ہو رہا ہے، جس میں برطانیہ کے West Midlands خطے کے برمنگھم، Coventry،Walsall اور Wolverhampton میں سات دنوں کے اندر، 60 میچ کھیلے جائیں گے۔

2019میں ملیشیا نے پہلے ٹورنامنٹ کی میزبانی کی تھی اور بھارت نے مردوں اور خواتین، دونوں کا خطاب حاصل کیا تھا۔ x

☆☆☆☆☆☆